اُتم چترا کا

बिन बादल बरसात

# بن بادل برسات

اداکاران

آشا پاریکھ
بشو جیت
ششی
محمود

قیمت چھ نئے پیسے

شفق اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# گانے بن بادل برسات فلم کے

گانا نمبر ۱

جب جاگ اٹھے ارمان تو کیسے نیند آئے
ہو گھر میں کوئی مہمان تو کیسے نیند آئے، نیند آئے
جب جاگ ــــ

یہ رات یہ دل کی دھڑکن یہ بڑھتی ہوئی تنہائی
ایک جام کی خاطر جیسے بے چین ہو کوئی شرابی
شعلوں میں گھری ہو جان تو کیسے نیند آئے ۔ جب ــــ

تھم تھم کے نئی امیدیں یوں مچل رہی ہیں دل سے
جس طرح تڑپ کر موجیں ٹکرائیں کسی ساحل سے
سینے میں ہو اک طوفان تو کیسے نیند آئے ۔ جب ــــ

نزدیک بہت ہے منزل پھر بھی ہے غضب کی دوری
اے دل یہ تو ہی بتلا دے، یہ کون سی ہے مجبوری
جب سوچ میں ہو انسان تو کیسے نیند آئے
ہو گھر میں کوئی مہمان ... جب جاگ ...

گانا نمبر ۲ ۔ مر بھی عشق میں اے جان من میری دعا لینا
میں مر جاؤں تو میری لاش کو دلہن بنا دینا
تمنا ہے کہ مر کر چھوڑ جاؤں یادگار اپنی
کسی دو گز زمیں سے میری تو تو کھینچ لینا — مر بھی عشق ـ

یہ حسرت ہے کہ بن کر بھی تمہارے کام آؤں میں

یہ حسرت ہے کہ —

جو تم چاہو تو میری کھال کی چپل بنا لینا

تمہیں ایسا نہ ہو دنیا تمہیں قاتل سمجھ بیٹھے

کہیں ایسا نہ ہو —

مرا ہو اپنی مرضی سے تو میں کو یہ بتا دینا ... مرے دل

میں مر جاؤں تو میری لاش کو دولہا بنا دینا — رفیق

گگا رہا ہے ... ت خاموشی سے آتی ہے چلی جاتی ہے

زندگی درد کے ساتھ میں ... بتانی ہے

خوشی بھی ملی ... تو غم سے بھری

عجب ہے یہ قسمت کی جادوگری —

کبھی ہوتی آنکل دل کی ہر امنگ ہے

جانے زندگی کا یہ کیا رنگ ہے —

کبھی ہے اندھیرا کبھی روشنی خوشی بھی ملی —

عجب ہے یہ قسمت —

کہاں ہو کالی کالی کام کا ان درشن دو

کالی کالی کام کالی جاگو رے

جس نے بھی جھولے کبھی بھی

مل کے بھی ... ہم مل نہیں سکے —

کبھی نہ ... گلی — خوشی بھی ملی

کہاں ہو ... درشن دو

کالی کالی کام کالی جاگو

لڑکی:۔ پیار کی خوشی ہمیں مل سکی نہ پیار میں
کتنے دن گزر گئے انتظار میں ——
کہانی ہماری ادھوری رہی ——
خوشی بھی ملی ...... عجب ہے یہ قسمت کی جادوگری

لڑکا:۔ دل میں تری یاد صنم لب پہ تیرا نام
تیرے سوا مجھکو کسی اور سے کیا کام
کسکے نے کبھی سے پیار مان جا
کر نہ مجھکو بے قرار مان جا ——
یاد جی جاؤ بلم تم سے بولیں گے نہ ہم
دیکھا جہاں کوئی حسین دل کو لیا تھام
تم سے ہی لوگوں نے کیا پیار کو بدنام
دل میں تری یاد صنم لب پہ تیرا نام ۔ تیرے سوا ۔
بھنورا جب چمن چمن پھر آ کرے
کوئی اس کا اعتبار کیا کرے
اے میرے دل کی کلی
میں ہوں اور تیری گلی
میں نے جب تم کو دیا پیار کا پیغام
در سے نہ جاؤں گا تیرے کچھ بھی ہو انجام
میری جان دل کو اپنے صاف کر
مجھ سے جو خطا ہوئی معاف کر

اچھا جی معاف کیا، کرو یہ وعدہ پیا
میری ہی غزلوں کے تم لیے جپنے کی ہر شام
تو مجھے تم دنیا میں کسی اور کا نہ نام
دل میں تیری یاد.... تیرے سوا مجھکو..

گانا نمبر ۵:۔ بِن بادل برسات نہ ہوگی ۔بِن بادل
او نادانوں اور دیوانوں سُن لو ہماری بات
بِن بادل برسات نہ ہوگی
او نادانوں او دیوانوں ـــ
ظالم دنیا والو، یوں نہ جادو ڈالو
اپنے ہوش سنبھالو، دیکھو جی ہوشیار ـــ
دل سے ہمارے ٹکراؤ گے کھاؤ گے تم ہی مات
بِن بادل برسات نہ ہوگی
اے نادانوں او دیوانوں ـــ
روپ تمہارے کالے۔ من مکڑی کے جالے
ہم نہیں ڈرنے والے سچا اپنا پیار ـــ
پیار کے آگے کوئی تمہاری بن نہ سکے گی بات
بِن بادل برسات نہ ہوگی
او نادانوں او دیوانوں ـــ
بِن بادل برسات نہ ہوگی

گانا نمبر ۶۔ بِن بادل برسات نہ ہوگی
او دیوانوں او نادانوں سُن لو ہماری بات

بِن بادل برسات نہ ہوگی
او نادانوں او دیوانوں —
خوشیوں پر نہ پھولو غم کو ہم نہ کھڑ تو
کلیوں میں نہ جھومو چھوٹی ہے بہار —
دنیا ہے یہ دنیا اس میں غم ہیں خوشی کے ساتھ
بن بادل برسات نہ ہوگی
مسکاؤ نہ من ہی من میں ڈوبو گے الجھن میں
دکھ بھی ہے جیون میں۔ خوشیاں ہیں بیکار —
دن بیتا تو ناگن بن کے آئے گی کالی رات
بن بادل برسات نہ ہوگی —
سپنا ہے یہ سپنا چھوڑ دو ... اپنا
امید ہی نہ رکھنا ہوگی ... —
... یہ لٹ جائے گی سپنوں کی بارات
بن بادل برسات نہ ہوگی
او نادانوں او دیوانوں —
گانا بند لڑکا:۔ ایک بار ذرا پھر کہہ دو
لڑکی:۔ اوں ہوں
لڑکا:۔ ایک بار ذرا پھر کہہ دو مجھے ترسا کے تم دیوانہ
لڑکی:۔ ایسی میٹھی میٹھی بات کرکے
کہاں سیکھے ہے دل کا لبھانا
لڑکا:۔ او جان جان ایک بار ذرا پھر کہہ دو ...

لڑکی:۔ اوں ہوں

لڑکا:۔ دِل نے کہہ دیا۔ دُور حضور رنہ ہم سے
کہہ دو اتنا غرور نہ ہم سے

لڑکی:۔ او سجنا، میرا ہر سنگار تم ہی ہو
میرا دم ہے تمہارے ہی دم سے

لڑکا:۔ تم شمع ہو تو میں ہوں پروانہ

لڑکی:۔ ایسی میٹھی میٹھی باتیں ــــ

لڑکا:۔ او جانِ جاں، ایک بار ــــ

لڑکی:۔ اوں ... ہوں

لڑکا:۔ سُنو دلبر، یہ جو دیپ خوشی کا جلا ہے
میرا پیار اسی میں ڈھلا ہے

لڑکی:۔ میرا دِل بھی پیاسا ہے تمہارا سہارا
نئی اُمنگوں پہ آج چلا ہے

لڑکا:۔ دیا تمہی نے اُمیدوں کا ٹھکانا

لڑکی:۔ ایسی میٹھی میٹھی ــــ

لڑکا:۔ او جانِ جاں ــــ

لڑکی:۔ اوں ... ہوں

لڑکا:۔ تم چاہو تو میں توڑ کے لادوں ستارے
کہیں ہم کو تم جان سے پیارے

لڑکی:۔ کیا مانگوں جب مل گئے تم سجنا
میں تو آ گئی بس میں تمہارے

لڑکا: میرا دل ہے تمہارا نذرانہ

لڑکی: ایسی میٹھی میٹھی —

لڑکا: ایک بار ذرا پھر
کہو نہ —

لڑکی: دیوانہ ... لڑکا: پھر کہو ...

لڑکی: دیوانہ ... لڑکا: پھر کہو ...

لڑکی: دیوانہ ...

گانا: یہ زندگی کتنی خوبصورت ہے۔ آپ کی ضرورت ہے
رات ہے بھیگی ہوئی، رنگ میں ڈوبی ہوئی
آج ہے دنیا میری، پیار سے مہکی ہوئی
آنکھ میں آپ کی ہی صورت ہے
آپ کی ضرورت ہے — زندگی کتنی —
آپ کو میری قسم، کیجئے مجھ پہ کرم
التجا سن لیجئے میری، آپ ہیں میرے صنم
دل میں بس آپ کی ہی صورت ہے
آپ کی ضرورت ہے — زندگی کتنی —
آج نوجوان دل کا ہے میرا کہنا
اپنے قدموں میں ذرا دیجئے مجھ کو جگہ
اب تسلی کی یہی صورت ہے
آپ کی ضرورت ہے — زندگی کتنی —

ختم شد